نمبر ۴۵ جلد ۴۱

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR, STATE, GAZETTE

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۸ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصہٴ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ سائیدگی گندم	۱
۲	تقرر الاؤنس منصرم ملازمان	۱ و ۲
۳	رخصت نعمت احمد خان بڈی اسی	۲
۴	عبدالجبار خان کلرک تقررات	〃
۵	تقرر منشی محمد علیخان وکیل بعوض پیروی مقدمہ فوجداری وغیرہ تقررات چند	〃
۶	رخصت منشی محمود علیخان اہلمد	〃
۷	برخاستگی علی احمد مدرس مدرسہ لوہا	〃
۸	توسیع مدت ملازمت عبدالمجید مدرس	〃
۹	تقرر کرامت علیخان مدرسہ لوہا	〃
۱۰	تقرر منشی ... اسسٹنٹ کلرک ہائی اسکول	〃
۱۱	اخراج اسم محمد ... خان مختار عام	〃
۱۲	شاعت ... گورنمنٹ بابت ... پاسپورٹ ...	〃
۱۳	رخصت ...	〃
۱۴	نقشہ نرخ ...	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

سائیدگی گندم

۲۰ راکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

معروضہ کاغذات پورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباب منظوری ٹھیکہ سائیدگی گندم بشرح تین آنہ نو پائی فی من بابت مصارف مہمانان باورچیخانہ ہندوستانی عام بنام سوہن لال من ابتدا یکم اپریل سنہ ۱۹۲۹ء لغایتہ ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۳۰ء بشرائط سابقہ۔

حکم

بموجب پورٹ ٹھیکہ سائیدگی گندم مصارف مہمانان باورچیخانہ ہندوستانی برائے یک سال بنام سوہن لال بہ نرخ فی من تین آنہ نو پائی منظور ہے۔ مثل بغرض اجرا واپس ہو۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ازاجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرا احکام داخل دفتر ہو۔ ۲۲ راکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

الاؤنس

۲۷ راکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

حسب سفارش صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مرزا بنی حسن بیگ منصرم تہ ملازمان کا دس روپیہ ماہوار الاؤنس یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ بوجہ ملازمت دیرینہ منصرم تہ ملازمان کا یہ الاؤنس ذاتی مقرر کیا گیا ہے دوسروں کیلئے نظیر نہوگا۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منظوری اجلاس ہمایون، احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سرنامہ

بعز عرض

جناب عالی

حاکم صاحب اور سررشتہ دار صاحب مجکمہ متفقہ رپورٹ کی ہو کہ حافظ نبی حسن بیگ منصرم خزانہ ملازمان نہایت قابل و خوشخط کارگزار عہد نواب صاحب خلد آشیان کے قدیمیہ ملازم ہین۔ اور کام بھی منشا الیہ کے پاس بہت زیادہ ہے جسکو ہمیشہ نہایت محنت و اپنی ذاتی قابلیت سے بوجہ احسن انجام دیتے ہین۔ انکی لیاقت و قابلیت سے بلد حکام خوب واقف ہین۔ اب ایک عرصہ سے بوجہ درد زانو سواری رکھنے کا بار بھی مجبوراً پڑگیا ہے۔ پچاس روپیہ تنخواہ ہین سے بعد ادائے کرایہ مبلغ دس روپیہ ماہوار انکو عسرت کا سامنا ہوتا ہے۔ نیز اٹھ سال سے اضافہ تنخواہ بھی نہین ہوا ہے لہذا سائل کا پندرہ روپیہ بطور اضافہ تنخواہ یا ماہوار الاونس فرمادیا جائے تو داخل پرورش ہے۔ یہ اضافہ یا الاونس بوجہ قدیمیہ ملازمت و قابلیت انکی ذات خاص سے متعلق ہوگا۔ دوسرے کے واسطے نظیر نہ ہوگی۔ لہذا رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر برائے منظوری ابلاغ حضور ہے۔ والادب۔ اقبال و دولت روز افزون ہو۔

زیر تحریر دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۰؍ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

رخصت

۳۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ لفٹنٹ احمد اللہ خان اڈی سی بوجہ اشتغال امپیریل علاوہ رخصت دس یوم مصدقہ سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ مزید رخصت یکماہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر۔

رخصت

۳۰؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات۔ دربارہ منظوری رخصت بے ابکال چھ ماہ عبد الجبار خان کلرک محکمہ تعمیرات مشاہرہ دس روپیہ ماہوار از ۱۵؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء بغرض حصول تعلیم رڑکی کالج و اسکے عوض پانچ روپیہ ماہوار رخصتی کو و پانچ روپیہ ماہوار بطور الاونس بلدیو پرشاد کلرک تعمیرات ذمہ دار کار خیص کو بایام رخصت۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ عبد الجبار خان کلرک مشاہرہ دس روپیہ ماہانہ کی رخصت چھ ماہ منظور ہے۔ زمانہ رخصت مین پانچ روپیہ ماہانہ رخصتی کو ملینگے۔ اور پانچ روپیہ ماہوار بلدیو پرشاد کلرک کو جنکے کام کا ذمہ دار ہوگا ملینگے۔ باقی مثل کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

برائے اجراء احکام کاغذات سررشتہ صدر کو مرسل ہون۔ ۴؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

بنظر اینکہ مقدمہ فوجداری سرکار بہادر بنام یوسف خان ونابالغ وغیرہ ملزمان جرم زیر دفعہ ۳۰۲ تعزیرات ہند کی پیروی کے لئے منشی امجد علیخان وکیل درجہ اول کو اسپشل پبلک پراسیکیوٹر مقرر کیا جاتا ہے منشی امجد علیخان کو تاریخ تقرر سے عدالت العالیہ کے فیصلہ کی تاریخ تک بحساب پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجائیگی۔ اور اگر کسی نوعیت سے اجلاس ہمایون مین بھی اس مقدمہ کی سماعت کی نوبت آئیگی تو وہان بھی منشی امجد علیخان پیروی کرینگے لیکن اجلاس ہمایون کی پیروی کی بابت کوئی مزید معاوضہ نہین دیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل گزٹ مین بھی شائع کیجائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۵؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل درخواست رخصت یکماہ رعایتی منشی محمود علیخان اہلمد اجلاس معروضہ ۵؍ نومبر سنہ حال منسلکہ سارٹیفکیٹ ڈاکٹری بوجہ علالت۔

حکم

رخصت رعایتی مطلوبہ ایک ماہ تاریخ امروزہ سے منظور ہے۔ صدر سے ایک معاون حامد حسن اہلمد اجلاس کا برادر واسطے کار اجلاس طلب کرلیا جائے۔ ناظر اجلاس مطلع ہون۔ اور صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

علی احمد مدرس مدرسہ لوہا تحصیل ملک چونکہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء سے غیر حاضر ہے - لہذا برخاست کیا جائے - لہذا

حکم ہے کہ

برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۹ اکتوبر ۱۹۲۹ء

عبدالمجید مدرس مدرسہ سوناگر پرگنہ بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں ۶ نومبر ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی -

حکم ہوا کہ

برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۳۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

کرامت علیخان مڈل پاس کا تقرر غیر مستقل مدرسہ لوہا تحصیل ملک میں بشاہرہ ... ماہوار تنخواہ پر کیا جاتا ہے - لہذا

حکم ہے کہ

برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۵ نومبر ۱۹۲۹ء

ہائی اسکول میں اسسٹنٹ کلرک و لائبریرین کی جگہ پر بیس روپیہ ماہوار تنخواہ پر مسمی صابر پرشاد کا تقرر امتحانًا برائے تین ماہ منظور ہے - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۵ نومبر ۱۹۲۹ء

مثنہ رپورٹ رجسٹرار صاحب دربارہ صدور حکم اشاعت گزٹ نسبت اخراج نام -

مسمی محمد رضاخان ولد امداد خان مختار عام سید محمد امیر الحسن و رحمت اللہ خان ٹھیکہ داران انہار باشندگان ریاست رامپور جس کو بغرض وصولیابی روپیہ از محکمہ تعمیرات و انہار متعلقہ ٹھیکہ نذی و امرپرگنہ بلاسپور مقرر کیا تھا -

حکم

سائیلان نے درخواست موقوفی مختار عام محمد رضاخان ولد امداد خان جسٹری ... پیش کی کرکے تصدیق کرادیا لہذا اشاعت گزٹ میں کیجائے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۶ نومبر ۱۹۲۹ء

محکمہ عالیہ دارالانشاء سے صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر رامپور کی چٹھی برائے اشاعت آئی ہے - چٹھی کا خلاصہ ترجمہ حسب ذیل ہے :-

"عراق گورنمنٹ نے لکھا ہے کہ ہندوستان سے اکثر زائرین عراق کو آتے ہیں اون کے پاس نہ پاسپورٹ ہوتا ہے نہ زائرین کا پاس - لہذا میری یہ خواہش ہے کہ جس قدر ہوسکے عام طور پر اشاعت کرادیجائے کہ ہر شخص جو ہندوستان سے عراق زیارت کے لئے جائے اوسکے پاس زائرین کے لئے جو پاس مقرر ہے ہونا لازم ہے۔"

لہذا حکم ہے کہ

روبکار ہذا گزٹ میں شائع کیا جائے اور ناظر اجلاس ایک سو قطع اس روبکار کے طبع کراکر شہر میں جابجا چسپاں کرادیں - اور کچھ اشتہار تحصیلات میں بھی بھیجدئے جائیں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقل حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثنہ عرضی منشی تمیز الدین خان محافظ دفتر چونگی معہ رقعہ میونسپل افسر صاحب سپرنٹنڈنٹ صاحب چونگی بابت عطائے رخصت یک ماہ بعوض عبدالجلیل خان از یکم نومبر ۱۹۲۹ء

حکم

حسب سفارش صاحب میونسپل افسر رخصت ایک ماہ بعوض مسمی عبدالجلیل اُمیدوار تمیز الدین خان محافظ دفتر از یکم نومبر ۱۹۲۹ء منظور کیجاتی ہے سپرنٹنڈنٹ صاحب چونگی اپنے کسی بھروسہ کے قابل اہلکار کی نگرانی میں ایسے آدمی سے کام لیں کیونکہ نیا آدمی ہے - لہذا حکم ہوا کہ اصل کاغذ بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو - ذریعہ نقل حکم صاحب میونسپل افسر کو اطلاع دیجائے -

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ اکتوبر ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۷-۰ ار	۷ ار ۷-۰ ار		
نخود خالص				۵ ار	۵ ار		
نخود کسہ آمیز				۷ ار	۵ ار		
کسہ				۸ ار	۰		
ماش				۵ ار	۵ ار		
مونگ				۰	۰		
مکا				۱۱ ار	۱۰-۰ ار		
جنی				۱۰ ار	۰		
گوجنی				۰	۸ ار		
عدس				۶ ار	۰		
ارہر				۶ ار	۰		
برنج				۵ ار	۵ ار ۵-۰ ار		
روغن زرد				۹-چھٹانک	۰۰ ار		
روغن سیاہ				۱-۰ ار	۱-۰ ار		
روغن کنجد				۲ ار	۲ ار		
نمک سانبھر				۱۰-۰ ار	۱۱ ار		
قند سیاہ				۳ ار	۰		
باجرہ				۹ ار	۰		
نمک لاہوری				۹۰	۰		

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ اول ماہ نومبر ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار ۶-۰ ار ۷-۰ ار ۷ ار	۷-۰ ار	۷-۰ ار	۷ ار	۷ ار ۶-۰ ار	۹ ار	
نخود خالص	۵-۰ ار ۵ ار ۵-۰ ار	۰	۵ ار	۵-۰ ار	۵ ار	۶ ار	
نخود کسہ آمیز	۵ ار ۵-۰ ار	۵-۰ ار	۵-۰ ار	۷ ار	۵-۰ ار	۵ ار	
کسہ	۲-۰ ار ۶ ار	۰	۶ ار	۷-۰ ار	۰	۵ ار	
ماش	۵ ار ۵-۰ ار	۵-۰ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	
مونگ	۳ ار ۲-۰ ار	۵ ار	۰	۰	۰	۳-۰ ار	
مکا	۹ ار ۹ ار ۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰-۰ ار	۰	۱۰ ار	
جنی	۸ ار ۸-۰ ار ۹ ار	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۸ ار	۱۰ ار	
گوجنی	۰	۰	۰	۰	۰	۸-۰ ار	
عدس	۶ ار	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۶ ار	
ارہر	۵-۰ ار ۶ ار ۶-۰ ار	۰	۷ ار	۶ ار	۰	۶ ار	
برنج	۵ ار ۵ ار ۵-۰ ار	۵ ار ۵-۰ ار	۵ ار	۵ ار	۵-۰ ار	۵ ار	
روغن زرد	۸-چھٹانک	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۹-چھٹانک	۰۰ ار	۰۰ ار	
روغن سیاہ	۱-۰ ار	۱ ار	۱ ار	۱-۰ ار	۱-۰	۰۰ ار	
روغن کنجد	۱-۰ ار	۲ ار	۱ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۱۰-۰ ار	۱۱-۰ ار	۱۲ ار	۱۰-۰ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	
نمک لاہوری	۶-۰ ار	۸ ار	۶ ار	۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۳-۰ ار ۵ ار	۲-۰ ار	۵ ار ۳ ار	۳ ار	۳-۰ ار	۵ ار	
باجرہ	۷ ار ۷-۰ ار	۸ ار	۹ ار	۹ ار	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور